کرو۔ | (پارہ:29، الدھر:25)

یعنی دِن رات ہر وقت، ہر حال میں اللہ پاک کا ذکر کرو![1] ہمیں چاہئے! اس آیتِ کریمہ پر عمل کی نیت سے ہر جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھ لیا کریں۔ یُوں کام میں برکت بھی آجائے گی اور اللہ پاک کا ذِکر بھی ہو جائے گا۔

## فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم

جو بھی اہم کام بِسْمِ اللہ کے ساتھ شروع نہیں کیا جاتا، وہ ادھورا رہ جاتا ہے (یعنی اس میں برکت نہیں رہتی)۔[2]

## بِسْمِ اللہ پڑھنے کے متعلق احکام

(1): ہر جائز کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنا سُنّت ہے (2): حرام کاموں کو جائز سمجھتے ہوئے ان سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھنا کفر ہے (3): حُقّہ، سگریٹ، کچی پیاز و لہسن وغیرہ بدبودار چیزیں کھاتے وقت بِسْمِ اللہ پڑھنا مکروہ ہے۔[3]

## بِسْمِ اللہ پڑھنے کے فائدے

❁ جس کام سے پہلے بِسْمِ اللہ پڑھی جائے، اس میں برکت آتی ❁ شیطان سے حفاظت ہوتی ❁ اور اللہ پاک کی مدد شامل ہو جاتی ہے ❁ ایک بار بِسْمِ اللہ پڑھنے سے 76 ہزار نیکیاں ملتیں، 76 ہزار گناہ معاف ہوتے اور 76 ہزار درجات بلند ہوتے ہیں۔[4] ❁ جو 7 دن تک اوّل آخر دود پاک کے ساتھ 786 بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھے، اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! ہر حاجت پوری ہو گی ❁ جو رات کو سوتے وقت 21 بار بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھے، اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم! وہ اس رات شیطان، چوری، اچانک موت

---

1 ... تفسیر روح البیان، پارہ:29، سورۃ الدھر، زیرِ آیت:25، جلد:10، صفحہ:280-
2 ... جامع صغیر، صفحہ:391، حدیث:6285-
3 ... فتاویٰ فیض الرسول، جلد:2، صفحہ:506، بتغیر قلیل-
4 ... فیضانِ سنت، صفحہ:134-

